"کیوں گھبرا رہی تھیں۔۔۔ حالانکہ۔۔۔۔ گھبرانا تو آپکو مجھ سے چاہیئے۔۔ ٕ کہتے۔۔۔

ڈوپٹہ کے اندر سے مرحا کی کمر کو تھاما۔۔۔ کیونکہ ڈریس بیک لیس تھا۔۔۔ سو۔۔ انکا

ہاتھ اسکو اپنی کمر پر محسوس ہو رہا تھا۔۔

"فاتح۔۔!"لبوں نے بے آواز حرکت کی۔۔۔

"یہ میری زندگی کا حصہ ہے۔۔۔ عادت ڈال لیں۔۔۔ ہمم؟"فاتح نے مرحا کی کمر کو

سہلاتے کہا۔۔

انکو تو اس چیز کی بھی پرواہ نہیں تھی کہ وہ۔۔ پبلک میں ہیں۔۔۔!!! مرحانے۔۔۔ سر

ہلادیا۔۔ مگر اس کے حواس۔۔۔ ساتھ چھوڑ رہے تھے۔۔ کہ فاتح حیدر کا ہاتھ۔۔

حیدریں۔۔ پھلانگتا جا رہا تھا۔۔ !!

"مرحا۔۔۔ آئیں۔۔ میری کچھ دوستوں سے ملیں!"مشال پھوپھونے۔۔۔ آ کر کہا تو

اسکی سانس بحال ہوئی۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"بیٹا آپ یہاں آرام سے بیٹھیں۔۔۔فاتح بہت۔۔بولڈ ہیں۔۔" وہ مسکاتیں اسکو کہتیں۔۔۔ گیسٹس کی جانِب بڑہیں۔۔۔مرحا۔۔کان کی لوؤں تک سُرخ ہوئی ۔۔۔جب انہوں نے محسوس کر لیا تھا تو نجانے کس کس نے۔۔۔ !!!

ولیمہ اختتام پزیر ہوا۔۔اور پھر وہ ماما۔۔چچی۔۔لوگوں کے ساتھ گھر آئی۔۔۔فاتح پتا نہیں۔۔۔کہاں تھے۔۔ !!!

"بیٹا آپ بھی چینج کر کہ۔۔۔ریسٹ کر لیں۔۔کہ پھرانکی۔۔ مسخریاں شروع ہو جانی ۔۔۔"چچی نے اسے ہدایت کی۔۔ساتھ ہی ساتھ آنکھوں سے۔۔آدم کی طرف اشارہ کیا۔۔۔جو زونی کے گرد ڈانس کر رہا تھا۔۔

وہ مسکراتی ہوئی۔۔ماہم کے ہمراہ۔۔۔روم میں آئی۔۔

بیڈ پر بیٹھتے ہی اسنے۔۔۔ریلیکس انداز میں۔۔۔ٹیک لگائی۔۔۔!!! کمر بیٹھ بیٹھ کر اکڑ گئی تھی۔۔

آج فاتح کا۔۔۔رویہ۔۔قدرے۔۔۔بہتر تھا۔۔آج انکے درمیان کچھ بھی تلخ بات نہیں ہوئی۔۔۔یہی سب سوچتے وہ ڈریسنگ ٹیبل کے آگے۔۔۔کھڑی۔۔جولری اتارنے لگی۔۔آئینہ میں اپنا عکس دیکھتے۔۔۔وہ تھم سی گئی۔۔وہ۔۔۔زندگی۔۔۔میں

سب سے حسین آج لگ رہی تھی۔۔۔جو لری اتارنے بعد ابھی ڈپٹہ اتارتی کے۔۔۔ ماہم آندھی طوفان بنی ڈھاڑ سے دروازہ کھولتی اندر آئی۔۔اور مرِحا جو۔۔پہلے ہی فضول سے وہموں کا شکار رہتی تھی۔۔بری طرح گھبرا کر مڑی۔۔۔!!!اور رنگ اسکا سفید پڑ چکا تھا۔۔ !!!

"بھابھی۔۔بھیئو کہہ رہے ہیں کہ۔۔۔ڈنر کرنے باہر جانا ہے۔۔!!!آپ۔۔کچھ بھی چینج مت کیجیئے گا۔۔۔آپ میرے ساتھ ہی چلیں "!!!

"مم۔۔مگر۔۔۔میں تو۔۔۔جیولری۔۔۔"وہ ابھی بات مکمل کرتی کہ۔۔ماہم۔۔۔ آگے آئی اور اسکا ہار اُٹھا کر۔۔۔اسکو پہنانے لگی۔۔

"اُتار لیا ہے۔۔۔تو۔۔۔پہن لیں دوبارہ۔۔ کنفیوز کیوں ہو رہی ہیں!"ساتھ ہی اسکے گال پر۔۔۔پیار کیا۔۔۔ !!!

اب مرِحا اسکو کیا بتاتیں کہ انکے بھیئو اُسکی جان نِکال کے رکھتے ہیں۔۔

ابھی وہ۔۔۔جانے لگتیں کہ۔۔فاتح حیدڑ۔۔۔اندر داخل ہوئے۔۔

"ریڈی نہیں ہیئے ابھی۔۔؟"وہ مرِحا کو دیکھتے ہوئے۔۔۔ماہم سے بولے۔۔۔ساتھ ہی ڈریسنگ پر رکھی جولیری کو دیکھا۔۔۔ !!!

"میں بھی زرا فریش آپ ہوں لوں۔۔ بھیو۔۔آپ دونوں آجایئے گا۔۔۔"ماہم بھی ۔۔۔خود کو کباب میں ہڈی بنتے دیکھتے۔۔۔وہاں سے کِھسکی۔۔ !

مرِحا۔۔۔پھر سے۔۔جولری پہننے لگی !!

"لائیں۔۔میں پہنادوں۔۔"فاتح۔۔اسکے قریب آتے بولے۔۔

"نہیں۔۔۔!"مرِحانے۔۔۔خود سے ہی سرگوشی کی۔۔۔مگر شاید فاتح حیدر کولِپ ریڈنگ۔۔۔آتی تھی۔۔

"کیانہیں؟"فاتح نے اسکے بے حد قریب ہوتے۔۔اسکو خود سے لگاتے۔۔سرگوشی میں پوچھا۔۔ !!

"کک۔۔۔کچھ نہیں۔۔مم۔۔میں تھک گئی۔۔

"!فلوقت۔۔۔بات بنانی تھی۔۔مبادًا۔۔۔وہ سن کر۔۔۔غصہ ہی نہ ہو جائیں۔۔۔!

فاتح نے۔۔اسکے کانوں میں جھمکے پہنائے۔۔۔انگلیاں جب کان کی لو سے۔۔۔مِس ہوئی تو۔۔!مرِحا کا جسم لرزا!!!اسکے بعد رنگز کی۔۔اور۔۔۔پھر مالا کی۔۔۔باری آئی ۔۔!وہ ہلکاہلکالرزرہی تھی !!!

"سب سختی۔۔باہر والوں کے لیئے ہے۔۔آپ کے لیئے پیار بچاکر رکھا۔۔!!!اگر آپ بھی ایسے کریں گی۔۔تو میرا تو خدا حافظ ہے!!!"تمام زیور اسکو پہناتے۔۔فاتح

نے۔۔اپنا حصار تنگ کیا۔۔مرِحا نے نظر اٹھائی مگر وہ۔۔چوڑے۔۔پھیلے۔۔سینہ کو دیکھتی واپس پلٹ آئی۔ ! ..

"چلیں "آخر فاتح حیدر کو اس پر ترس آیا۔۔

فاتح حیدر کے کچھ۔۔۔قریبی دوست اور ان کی بیگمات۔۔۔کے ساتھ۔۔سیون سٹار ہوٹل میں بیٹھی۔۔وہ اس وقت۔۔۔پُر تکلُف ڈنر کر رہی تھی!!! مکمل طور پر سجی وہ۔۔فاتح کے پہلو میں بیٹھی۔۔!آہستہ سے کھانا کھاتی۔۔انکی باتیں سن رہی تھیں!

۔۔۔اور پھر خدا خدا کر کہ۔۔وہ لوگ گھر کے لیئے روانہ ہوئے۔۔۔اس سب میں رات کے تین بج چکے تھے۔۔کمر بیٹھ بیٹھ کے اکڑ چکی تھی !!!

کمرے میں آتے ہی بے ساختہ۔۔مرِحا نے لمبی سانس لی۔۔۔فاتح حیدر نے۔۔۔! محسوس کیا۔۔ !

"تھک گئی ہیں؟!"انہوں نے سوال کیا تو مرِحا ہوش میں آئی !!!

"جی...میں۔۔چینج کر آتی!!" پتہ نہیں کیوں۔۔انکی موجودگی میں نظریں اُٹھنے سے اور لفظ منہ سے نکلنے سے انکاری ہو جاتے تھے۔۔

"ہمممم "ایک ہنکار بھرتے۔۔انہوں نے مرحا کا ہاتھ پکڑتے۔۔اپنی طرف کھینچا۔۔وہ انکے کشادہ سینے سے جا لگی!!!اسکو حصار میں لیتے اسکا ڈوپٹہ۔۔پنز سے آزاد کیا۔۔۔ رات کی خاموشی۔۔اور مرحا کا مہکتا وجود۔۔۔اور پھر اسکا جھجھکنا۔۔!فاتح حیدر۔۔ مدہوش ہوئے جاتے تھے !!!

اسکے ائیر رنگز اتارتے اسکے۔۔۔کان چومے۔۔مرحا نے نامحسوس انداز میں۔۔۔ فاصلہ بنایا۔۔۔ گردن سیٹ اور ہار سے آزاد کی تو۔۔ایک پُر شدت۔۔۔جسارت کی کہ۔۔۔مرحا۔۔جی جان سے کانپی!!!فاتح حیدر کے ہاتھ اسکے پیٹ پر۔۔ گردش کر رہے تھے اور مرحا کی سانس۔۔۔!بس۔بند ہونے لگی تھی۔۔شاید۔۔۔فاتح حیدر کو۔۔۔۔رحم آیا۔۔

"نائٹ ڈریس کبرٹ میں ہے۔۔"بولتے اسکو آزاد کیا۔۔ !

مرحا فٹافٹ سے۔۔۔چینجنگ روم میں۔۔۔آئی۔۔اور۔۔دروازے سے لگ کر اپنی سانسیں نارمل کرنے لگی !!!

..------------------------

Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جب وہ باہر آئی تو۔۔فاتح حیدر روم میں نہیں تھے!!!مرِحا دبے پاؤں۔۔بیڈ کی طرف بڑھی۔۔ابھی وہ۔۔۔کمفرٹر اپنے اوپر لیتی۔۔۔کہ سٹڈی روم سے۔۔فاتح۔۔اینٹر ہوئے۔۔!مرِحا کو دیکھتے ایک۔۔سمائل پاس کی!جیسے انکو۔۔۔یہ اضافہ پسند آیا ہو۔۔روم ڈور لاک کیا!نائٹ بلب آن کیا۔۔!

"کیا ہوا۔۔۔سٹیچو کیوں ہو گئیں ہیں!"اپنی۔۔۔سائیڈ پر آتے۔۔انہوں نے سوال کیا۔۔

"ایسے ہی۔۔۔"مدھم۔سر گوشی۔۔۔کی صورت جواب مِلا۔۔۔

کمفرٹر اوپر لیتے۔۔۔انہوں نے۔۔مرِحا کو۔۔پکڑتے۔۔اپنی طرف کھینچا۔۔مرِحا کوئی مزاحمت نہ کرتے انکے سینے سے جا لگی!!!ایسا محسوس ہوتا تھا کہ۔۔۔جسم میں جان موجود ہی نہ ہو!

"کیوں ڈرتی ہیں؟"انکو مکمل طرح سے اپنے حصار میں لیئے۔۔۔اپنے کندھے پر۔۔۔انکے چہرے کو دیکھتے۔۔۔وہ پوچھ رہے تھے!!

"آپ۔۔آپ۔۔غصہ بہت جلد کرتے۔۔۔ہیں"ایک مدھم سی آواز انکی سماعت سے ٹکرائی۔۔

"پھر دور جانے کی ضدمت کیا کریں!" لیٹتے۔۔۔انکا سر اپنے سینے پر رکھتے۔۔۔وہ ۔۔۔فرمائش کر رہے تھے !!

"فاتح۔۔" مرِحا انکی۔۔۔نوازش پر گھبراتی بولیں۔۔

"سو جائیں۔۔۔جانِ فاتح۔۔۔ورنہ۔۔۔آپکو۔۔کچھ وقت نہیں دے سکوں گا !!!"

ایک۔۔پُر سکون۔۔۔اُجلی۔۔۔ صبح۔۔۔حیدر وِلا پر۔۔۔اُتری۔۔! جہاں۔۔۔مرِحا ۔۔۔فاتح حیدر کی پناہوں میں۔۔۔ہوش سے بیگانہ پڑی تھیں۔۔۔اور فاتح حیدر۔۔۔ خُمار بھری نگاہوں۔۔۔۔سے اُسے دیکھ رہے تھے۔۔۔ !

تو دائمی بہار ہے، میں عارضی مہک

میری بقا اسی میں ہے، تجھ میں فنا رہوں

مرِحا کو اپنے۔۔بالوں میں سرور بخش۔۔لمس کا احساس ہوا۔۔کروٹ بدلنی چاہی۔۔ مگر۔۔تنگ حصار۔۔!!اسکو ماتھے پر۔۔۔۔پُر شدت لمس کا احساس ہوا۔۔فاتح حیدر کو۔۔۔محسوس ہوا۔۔کہ۔۔۔مرِحا کے لیئے۔۔انکا لمس۔۔انجان تھا۔۔شاید۔۔! انکی تیوریاں چڑھیں۔۔!!!

"مرِحا۔۔۔!" پھر بھی بہت ضبط سے۔۔۔انہوں نے۔۔۔نرم انداز میں انہیں آٹھانے کی کوشش کی۔۔۔۔کہ نو۔۔۔۔بجنے والے تھے اور ناشتہ لگنے والا تھا۔۔ اسنے کسمسا کر۔۔انکے بار ہا بار پکارنے پر آنکھیں کھولیں۔۔۔! فاتح حیدر اس پر جھکے ۔۔۔اس کو اُٹھانے کی کوشش کر رہے تھے۔۔اسکو جاگتا دیکھ کر۔۔۔فاتح نے اسکی پیشانی کو۔۔۔اپنے لمس سے مہکایا !!!

"اسلام و علیکم "مرِحا نے انکو کہا۔۔۔۔

فاتح نے سر ہلاتے۔۔۔جواب دیا۔۔۔اور اسی وقت دستک ہوئی۔۔۔

"فریش ہو جائیں۔۔۔میں دیکھتا ہوں۔۔۔"واشروم کی جانِب اشارہ کرتے۔۔۔۔انہوں نے کہا۔۔۔ !!!

وہ براؤن ویلوٹ کی۔۔۔شرٹ۔۔۔جو۔۔۔گولڈن کلر کے ہی۔۔میٹلز سے سجی تھی ۔۔اور ساتھ گولڈن ہی راءسِلک کاٹراوزر پہنا تھا۔۔۔اور زرتاری۔۔ گولڈن۔۔ ڈوپٹہ۔۔۔ہلکا سا تیار ہوئی تھی وہ۔۔۔فاتح حیدر گرے۔۔۔کُرتا شلوار پہنے ہوئے تھے۔۔سب لوگ ناشتہ کی ٹیبل پر بیٹھے تھے کہ چچی لوگوں نے ڈنر کا۔۔انویٹیشن دیا کہ یہ سب سے پہلی دعوت تھی۔۔۔سب نے خوش دِلی سے حامی بھری !! مرِحا۔۔

بھی ہلکی پھولکی باتیں کرتی رہی!!ناشتہ کرکہ!فاتح حیدر تو باہر چلے گئے جبکہ۔۔مرِحا

۔۔زونی بھابھی لوگوں کے ساتھ گھر دیکھنے لگی۔۔۔ !

حیدر وِلا۔۔۔۔بہت بڑا تھا۔۔۔اور بہت خوبصورت بھی!!مگر۔۔۔

تمام۔۔۔۔۔سے زیادہ خوبصورت۔۔۔فاتح حیدر کا۔۔کمرہ۔۔جواب اسکا بھی روم تھا

۔۔جہاں۔۔فاتح کی خوشبو بستی تھی۔۔!ایسے کہ۔اسکا دل دھڑک دھڑک جاتا تھا۔۔

!وہ تو۔۔فاتح کی غیر موجودگی میں بھی کمرے میں نہیں جاتی تھی!!!مگر۔۔۔آہستہ

آہستہ عادت ہو ہی جاتی ہے!!!۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سب لوگ زونی۔۔آپی کے کمرے میں جمع تھے!!!انکے۔۔بیڈ کے اوپر وال پر۔۔۔

بڑی سی۔۔انکی شادی کی۔۔انلارج پکچر لگی تھی!!مرِحا نے سوچا تھا کہ وہ بھی ایسے ہی

۔۔اپنا کمرہ سجائے گی۔۔مگر فاتح کی نیچر۔۔ایسی لگتی نہیں تھی۔۔فاتح بہت ریزرو نیچر

کے تھے۔۔کل رات۔۔انکی باتوں سے اسکو بہت ڈھارس ملی۔۔۔بلکہ وہ کسی حد تک

پُر سکون۔۔بھی ہوئی تھی !!

"کیا سوچنے لگی۔۔؟"زونائش بھابھی نے سوال کیا۔۔

"بھیا کے بارے میں سوچ رہی ہوں گی۔۔نہ ڈسٹرب کریں۔۔!"ماہم نے شرارتی

نظروں سے اسے دیکھتے۔۔زونائش بھابھی کو جواب دیا۔۔

مرِحا بری طرح سے سٹپٹا گئی۔۔ کوئی جواب ہی نہیں بن سکا۔۔۔

"لگتا ہے۔۔ فاتح نے سہی سے۔۔ میوٹ کیا ہوا ہے۔۔!" زونی بھابھی نے دوبارہ۔۔ چھیڑا۔۔۔

یہ سلسلہ بتا نہیں کتنی دیر چلتا کہ۔۔۔ آدم کمرے میں داخل ہوا۔۔! مرحا کے دل سے ایک ہی لفظ نکلا۔۔۔ شکر !!!

"بھابھی جی۔۔!" آدم نے اس پکارا اور اس کے آگے پیار لینے کے لیئے۔۔ سر جھکایا۔۔

!مرِحا۔۔ ہونک ہوئی۔۔۔

مرِحا نے۔۔ چھینپتے ہوئے اس کے سَر پر پیار دِیا۔۔

"بھابھی جی۔۔ ہماری وہ۔۔ کھٹنا پکڑنے والی رَسم نہیں نہ ہوئی۔۔! دیکھیں تو میں آپکا ایک ہی دیور ہوں !!! یہ رسم نہ ہوئی تو میرا دل ٹوٹ جائے گا۔۔" آدم نے اسے۔۔ ایموشنل کرنا چاہا۔۔ اور وہ ہو بھی گئی۔۔۔

"ہم۔۔۔ مگر اب تو کچھ نہیں ہو سکتا۔۔" ماہم نے بھی اداس سی شکل بنائی۔۔ تو مرحا اور بھی اداس ہوئی! اور زونی بھابھی۔۔۔ مسکراہٹ دبائے فروٹس کٹ کر رہی تھیں ۔۔ !

"نہیں۔۔ہو سکتا ہے نا۔۔۔بس آپکو بھیا سے۔۔۔ کریڈِٹ کارڈ لانا ہے! پھر ہم ڈنر کے بعد۔۔ باہر چلیں گے۔۔۔"مرِحا اسکی بات پر ہونک ہوئی۔۔

"مگر۔۔۔"مرِحا نے بولنا ہی چاہا تھا کہ۔۔۔آدم اداس ہوا تھا۔۔ !

"آپ۔۔۔اپنے اِکلوتے۔۔دیور کے لیئے اِتنا بھی نہیں کر سکتیں!"بس وہ۔۔ شکوہ کر کہ۔۔جانے ہی لگا تھا کہ۔۔۔ !

مرِحا فوراً بول اُٹھی۔۔۔

"ٹھیک ہے۔۔!"اور اس کے بعد آدم اور ماہم نے جو ہوٹنگ کی !!!!

وہ دبے پاؤں روم میں اینٹر ہوئی۔۔۔۔۔۔وہ تمام چوڑیاں۔۔۔اتار کر آئی تھی۔۔۔ کہ شور زرا نہ ہو۔۔۔فاتح حیدر۔۔۔سکون کی گہری نیند میں گُم تھے۔۔۔مرِحا نے ایک سُکھ بھری سانس خارج کی۔۔۔کہ اب کام آسان تھا۔۔۔

وہ آرام سے آگے بڑھی۔۔سائیڈ ٹیبل پر۔۔۔وائلٹ۔۔گھڑی اور گن پڑی تھی۔۔۔ !ڈیبٹ۔۔۔کارڈ۔۔۔کہاں ہو سکتا تھا۔۔۔وائلٹ۔۔۔۔مرِحا نے وائلٹ اٹھایا۔۔ براؤن کلر کا۔۔لیدر۔۔وائلٹ۔۔۔الٹ پلٹ کر دیکھا۔۔فاتح کا وائلٹ اُسے پسند آیا تھا۔۔۔کچھ ہی دیر میں مختلف حصوں کی تلاشی لینے کے بعد۔۔۔ڈیبٹ کارڈ اسکے ہاتھ

میں تھا۔۔۔اسنے ایک ڈرتی نظر فاتح پر ڈالی۔۔۔مگر۔۔۔وہ سکون سے سو رہے تھے

۔۔۔وائلٹ کی حالت خراب ہو چکی تھی۔۔کہ۔۔کرنسی کہیں۔۔وزیٹنگ کارڈز

کہیں۔۔۔مگر۔۔۔مرحا۔۔بند کر کہ۔۔۔۔وہ واپس رکھا۔۔کہ۔۔۔۔فاتح تو سو رہے

گہری نیند۔۔انکو کون بتائے گا۔۔کہ کون آیا تھا۔۔۔!مگر مرحا فاتح حیدر بھول بیٹھی

کہ۔۔وہ کسکو۔۔انڈر ایسٹیمیٹ کر رہی ہے۔۔ !

وائلٹ رکھتی وہ جیسے ہی مڑی۔۔۔اور آگے۔۔بڑھنے کو۔۔۔قدم اُٹھایا۔۔ویسے ہی

بلکل اسکی۔۔کلائی فاتح کی گرفت میں آئی۔۔۔اور۔۔مرحا کی روح۔۔۔پرواز کر چکی

تھی!!!یہ تو۔۔پلان میں کہیں تھا ہی نہیں کہ۔۔۔۔فاتح اُٹھ گئے تو کیا ہو گا۔۔؟

۔۔۔وہ پیچھے۔۔پلٹنے سے انکاری تھی۔۔۔سنا تھا پیچھے دیکھنے والا۔۔۔پتھر کا ہو جاتا ہے

۔۔۔مگر اسکے معاملے میں اُلٹا تھا کہ۔پیچھے۔۔پتھر تھا۔۔ !!!

فاتح آرام وسکون سے۔۔۔انکے پلٹنے کا انتظار کرنے لگے!کہ۔۔۔زندگی تو وہی تھے

۔۔مرحا کو۔۔۔انہی کے پاس آنا تھا!!مگر۔۔۔زندگی۔۔مرحا تھی !

مرحا چاہتی تھی کہ فاتح ہاتھ چھوڑ دیں۔۔!وہ کہیں غائب ہونا چاہتی تھی۔۔۔کیا

سمجھیں گے چوری کر رہی تھی وہ !!

بلآخر اسکو مڑنا پڑا۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novel|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

"میں۔۔وہ۔۔مجھے۔۔چوری۔۔۔!" نظریں زمین میں گاڑے وہ۔۔جواب کیسے دے سوچ رہی تھی !!

اسکا ہاتھ پکڑے ہی فاتح اٹھ کر بیٹھے۔۔۔اور اسکو ساتھ بیٹھنے کا اشارہ کیا۔۔

"آپ وضاحت مت دیں۔۔! مجھ سمیت ہر شہ آپکی ہے! مرحا فاتح حیدر...!" ہلکا سا مسکرائے۔۔"سوائے آپ۔۔کے " !

مرحا نے۔۔حیرت زدہ۔۔نظروں سے فاتح کو دیکھا۔۔وہ۔۔کتنا زیادہ اظہار کر رہے تھے !!

"کافی بنا کر لائیں۔!" فاتح یہ کہتے ڈریس چینج کرنے ڈریسنگ روم۔کی جانب بڑھے ۔۔!

فاتح حیدر۔۔!خود کو آئینہ میں دیکھتے!!! ریڈی ہوتے سوچ رہے تھے۔۔مرحا کب انکی دل کی دھڑکن بنی؟ کچھ معلوم نہیں تھا۔۔رات انکو بانہوں میں سُلاتے ہی یہ معلوم۔ہو چکا تھا کہ یہ جسم اب اور کوئی لمس قبول کرنے کے قابل نہیں رہا۔۔!!!!

دل تاریک ہے تیرے وصل کی روشنی چاہتا ہے♥

ڈنر پر۔۔۔سب لوگ ہی تھے!!!مرحا کی۔۔امی لوگ بھی انوائیٹڈ تھے۔۔!چچی لوگ بھی!۔۔۔بس وہ لوگ بھی کچھ دیر میں پہنچنے والے تھے۔۔

"فاتح کی شادی کا اتنا ارمان تھا نہ!!اور واقعی۔گھر میں کیسی رونق لگا دی ہے۔۔!"چچی ۔۔ٹیبل سیٹ کرواتے۔۔۔بول رہی تھیں۔۔!اور پھر۔۔تمام لوگ ہی کچھ دیر میں آ گئے۔۔۔سب سے مل کر اب وہ فاتح حیدر کے انتظار میں تھی۔۔بار بار نظر۔۔۔۔ لاونج انٹرنس پر جاتی۔۔اور نامراد ہی واپس پلٹ آتی۔۔!!فاتح کے اتنے نرم رویے سے۔۔اس کے دل میں سافٹ کارنر بن چکا تھا!!یہاں سب بہت اچھے تھے۔۔!!! پورچ میں گاڑی رکنے کی آواز آئی تو۔۔مرحا۔۔فورا۔۔مین ڈور کی جانب بڑھی۔۔ فاتح حیدر کی ہی گاڑی تھی۔۔انہی کے گارڈز۔۔انکی زندگی کا حصہ تھی یہ تیزی۔۔۔ گاڑی سے نکل کر سامنے دیکھا تو۔۔۔مین ڈور پر کھڑی۔۔مرحا فاتح حیدر ان کا انتظار کر رہی تھیں۔۔۔مہرون رنگ کی ساڑھی پہنی ہوئی تھی۔۔جس پر ایپلک ورک تھا۔۔ مہرون ہی لپسٹک۔۔۔ہلکا سا میک اپ۔۔۔۔اور ساتھ میں ہیلز ڈالے وہ بہت اچھی لگ رہیں تھیں!!!فاتح کے دیکھتے ہی۔۔مرحا کی آنکھوں میں چمک بڑھی۔۔۔!!!وہ مسکرائی تھیں۔۔۔

"۔تمہارا ہنسنا ہماری نظموں کی ابتداء تھی"

فاتح تمام گارڈز کو انکے رومز کی طرف جانے کا بول کر مرحا کی طرف بڑھے۔۔۔!

"اسلام و علیکم!!"مرحا نے پہلے سلام کیا۔۔!فاتح نے سر ہلا کر جواب دیا۔۔۔چلتے چلتے۔۔وہ دونوں لاونج میں آئے۔۔سب کو۔۔۔سلام کرتے فاتح روم کی طرف بڑھے اور مرحا۔۔ڈائینگ ایریا کی جانب بڑھنا چاہتی تھیں مگر!صرف فاتح حیدر نے کمر میں بازو حمائل کیا۔۔اور انکو اپنے ساتھ سٹیئرز کی جانب لے جانے لگے۔۔مرحا۔۔صرف انکو دیکھ کر رہ گئی۔۔!اسکا رنگ۔۔۔گلابی ہو رہا تھا۔۔!!!سب انکی۔طرف ہی متوجہ تھے۔۔مگر خیر۔۔فاتح حیدر کو کیا فرق پڑنا۔۔۔تھا؟!!!

"آپ بہت خوبصورت لگ رہی ہیں۔۔۔مرحا۔۔"روم میں آکر۔۔۔۔اپنی گرفت میں لیئے فاتح اسکی تعریف کر رہے تھے!!!

"آپ بھی اچھے لگیں نا۔۔!میں نے سب چیزیں چینجنگ روم میں رکھیں ہیں۔۔!!جلدی کریں۔۔سب انتظار کر رہے ہیں!!!"مرحا نے گویا۔۔خود کو بچانا چاہا!!

"پھر سب کی بات۔۔!!!خیر۔۔ٹھیک ہے۔۔"فاتح اسکو چھوڑتے۔۔وائلٹ۔۔گن ہولڈر۔۔رکھتے۔۔واش روم کی جانب بڑھے۔۔۔۔مرحا بھی۔۔واپس ڈائننگ روم کی جانب بڑھی۔۔۔!!!

"فاتح بھائی لوزیو آلوٹ"اسکے اینٹر ہوتے ہی۔۔فرح نے۔۔تعریف کی۔۔۔۔

مرحا مسکرائی۔۔فیری ٹیلز پسند تھیں فرح کو۔۔۔!!اس کو شہزادے کا انتظار تھا۔۔!!

اور فاتح کو بھی وہ ایک شہزادہ ہی سمجھ رہی تھی۔۔وہ تھے مگر تھوڑے موڈی شہزادے

اسی طرح باتوں میں۔۔۔شام گزری۔۔۔خوشگوار ماحول میں کھانا کھایا

۔۔۔۔شاپنگ پر جانے سے۔۔ بڑوں نے منع کیا کہ۔۔رات بہت ہو چکی تھی۔۔ مگر

۔۔آدم نے بھی آن لائن۔۔آڈر کیا۔۔۔!!آدم وِل بی آدم۔۔۔یہ ماہم کے

ریمارکس تھے !!!

وہ چچی ساس کے ساتھ تھوڑی بہت ہیلپ کروا کر آئی۔۔روم میں کوئی نہیں تھا۔۔

فاتح شاید۔۔سٹڈی روم۔میں تھے۔۔۔مرحا ابھی کبرڈ کی طرف بڑھی کہ سٹڈی کا

دروازہ کھولتے وہ روم میں آئے۔۔

"کافی دیر نہیں کر دی۔۔۔"فاتح نے اسے دیکھتے پوچھا۔۔۔وہ ابھی تک۔۔۔۔اسی

ساڑھی ملبوس تھی۔۔۔بس منہ دھل کر۔۔۔۔۔۔۔۔نکھر گیا تھا۔۔ !!!

"وہ۔۔چچی کے ساتھ کافی پینے میں۔۔۔اور باتوں میں وقت کا اندازہ ہی نہیں ہوا۔۔

!!!"مرِحا نے مسکرانے کی۔کوشش کرتے ہوئے جواب دیا۔۔۔فاتح کا رویہ

حوصلہ افزا تھا مگر پھر بھی۔۔وہ انکی ویئرڈ نیچر کی وجہ سے ہچکچاتی تھی !!

"دھیان رکھنا چاہیے تھا نہ۔۔۔کیا آپ مجھ سے محبت نہیں کرتیں۔۔۔؟مرِحا کے

مقابل کھڑے۔۔انکو نظروں کے حصار میں رکھے فاتح حیدر نے ان سے سوال کیا۔۔۔

مرِحا کو لگا جیسے اسکا دل۔۔۔کہیں سمندر میں ڈوب گیا ہو آخر۔۔۔اتنی غیر متوقع

صورتِ حال میں۔۔یہ سوال !!

"کرتی ہوں"اسنے ان کی شرٹ کے بٹنز پر نظریں گاڑھے جواب دیا۔۔۔آئی کنٹیکٹ

محال تھا !!! فاتح اسکو اپنے حصار میں لیئے نرمی سے اس پر جھک گئے !!!مرِحا کے

تمام خدشات۔۔اپنی موت آپ مر گئے تھے۔۔۔اور فاتح حیدر کی تشنگی تمام ہوئی

--!!!

وہ رات زندگی کی حسین ترین راتوں میں سے ایک رات ہونے جا رہی تھی!!!وہ

دونوں مکمل۔ہونے جا رہے تھے!!!کہ مقصدِ حیات۔۔۔کی۔تکمیل ہو رہی تھی

--!!!

وابستہ تیرے ساتھ ہیں اِس دل کی دھڑکنیں،

کتنا ہے دِل پہ میرے تجھے اختیار، دیکھ

ایسے ہی۔۔۔دن گزرتے گئے۔۔!!!اور یہ بھی ایک دن تھا۔۔جب مرِحا کی امی لوگوں نے۔۔تمام حیدر وِلا کو۔۔ڈنر پر انوائیٹ کیا۔۔۔سب جلدی سے ریڈی ہونے لگے۔۔۔پلینز سیٹ ہوتے رہے۔۔!!بچہ پارٹی کو زیادہ جلدی تھی کہ باربی کیو۔۔کا پلان تھا سب کا۔۔!مرِحا کی خالہ۔لوگوں نے بھی ہونا تھا۔۔!!!یعنی تمام۔۔اہتمام تھا۔۔

فاتح حیدر اور مرِحا نے ڈریس میچنگ کی تھی!!فاتح اسکی ہر بات مانتے تھے۔۔!!! سب باتیں۔۔۔مرِحا کو اپنی زندگی پر رشک آنے لگا تھا۔۔۔بہت سخت مزاج مگر۔۔۔ اس پر جان دیتے تھے فاتح۔۔ ...

جب وہ لوگ امی کی طرف پہنچے تو سب نے ہی اسکی تعریف کی۔۔۔امی نے باقائدہ نظر اتاری۔۔۔وہ فاتح حیدر کے رنگ میں۔۔۔سجی۔۔انتہائی حسین لگ رہی تھی۔۔ابھی دن ہی کتنے ہوئے تھے۔۔۔بیس دن۔۔۔شادی کو صرف بیس دن ہی ہوئے تھے !!!

ارحم۔۔راحم۔۔۔بلال۔۔۔فرح۔۔ایمن۔۔سب ہی اسکو چھیڑتے رہے۔۔پھر سب کی واپسی کا وقت ہوا تو امی نے اسے اور فاتح کو روکنا چاہا۔۔مگر کیونکہ انکی صبح میٹینگ تھی سو وہ۔۔۔معذرت کر گئے !!! مگر کچھ دیر مزید۔۔ٹھر گئے۔۔۔!!!

اور فاتح حیدر نے تمام گارڈز گھر والوں کے ساتھ روانہ کر دیئے۔۔۔

واپسی پر۔۔۔مرحا فاتح کے ساتھ باتیں کر رہی تھی !!سامنے کوئی نہیں تھا۔۔اور اچانک سے سامنے ایک گاڑی آئی۔۔۔شاید اسکا ڈرائیور ڈرنک تھا مگر۔۔۔گاڑی ہوا میں کلابازیاں کھاتی گئی۔۔اور۔۔۔مرحا فاتح کا بازو پکڑے رہی تھی !!!اس کے بعد کوئی منظر۔۔۔بصارت نے نہیں دیکھا۔۔۔ !!!!

فاتِء کو بھی چوٹیں آئیں تھیں مگر۔۔۔مرحا زیادہ انجرڈ تھیں۔۔فاتح اپنی تکلیف بھلائے۔۔۔ڈاکٹرز۔۔میڈیا اور مرحا کی تکلیف میں پاگل ہوئے تھے۔۔۔!!اتنا کم وصل۔۔۔کسی صورت قبول نہیں تھا۔۔۔

انکا بس نہیں چلتا تھا کیا کر دیں۔۔۔وہ ڈرائیور۔۔جو ڈرنک تھا۔۔۔وہ۔۔مر چکا تھا !!!ورنہ اسے فاتح ہی نہیں چھوڑتے !!!کئی دن کی چینج نہ کی گئی بینڈیج۔۔۔شکن

آلود کپڑے۔۔۔!!!فاتح حیدر کی یہ حالت۔۔۔دُنیا کو رلا یے ہوئے تھی۔۔۔کتنے ہی وش کارڈز آتے تھے۔۔۔مرحا کو وینٹیلیٹر پر تین دِن ہو گئے تھے۔۔۔

جو بھی فاتح سے ملتا وہ ایک ہی جملہ۔۔۔کہتا۔۔

"اللہ سب خیر کرے گا۔۔آپ پریشان نہ ہوں۔۔ !"

اپنی حالت کا خود احساس نہیں ہے مجھ کو

میں نے اوروں سے سنا ہے کہ پریشان ہوں میں

پانچواں دن۔۔۔چھٹا دن۔۔اور آج ایک ہفتہ ہو گیا تھا۔۔فاتح کو لگ رہا تھا اب انکو سانس نہیں آئے گی!!وہ اجازت لے کر۔۔۔آئی سی یو میں داخل ہوئے۔۔۔وہ وجود جس میں اور جس سے۔۔زندگی دوڑتی تھی۔۔زردیوں میں گھُلا تھا۔۔۔ہاتھ جن سے ابھی مہندی سجائی نہ اُتری تھی۔۔ان پر ڈرپس کے نشان تھے۔۔۔مصنوعی سانس کی بدولت زندگی کی ڈور سے وہ جڑی۔۔اتنی تکلیف کیسے برداشت کر رہی ہے!!!آنسو انکی آنکھوں سے لڑیوں کی صورت بہے۔۔۔!!!مرحا انکی زندگی تھیں۔۔۔ !!!

اس بار تیرے پاؤں تک آگیا ہوں میں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کوئی اور ستم کر مگر چھوڑ کہ نہ جا

اور وہ واقعی مرِحا کے قدموں میں کھڑے تھے !!!

ہاسپٹل کی راہداری میں کھڑے۔۔۔فاتح حیدر آسمان کو دیکھ رہے تھے۔۔۔اور آسمان کو دیکھتے۔۔پہلی بار۔۔آج۔۔۔اس یخ بستہ رات میں۔۔۔فاتح۔۔۔ بلکل بلینک تھے !!!کوئی جلدی۔۔کوئی۔۔مشن۔۔کوئی آواز نہیں تھی۔۔۔کوئی عکس آنکھ میں نہیں تھا۔۔۔کوئی۔۔سوچ۔۔۔نہیں تھی !!!جیسے زندگی کی کوئی رمق ہی موجود نہیں تھی !!!

مرِحا۔۔۔انکی سانسوں میں آبسی تھیں۔۔۔ہر جگہ وہ۔موجود تھیں !!!انکی آواز ۔۔۔انکی عادات۔۔انکی سرگوشیاں۔۔۔انکی نرمیاں۔۔۔۔ !!!

لہو میں ٹھہر گیا یہ۔۔۔پکار کا موسم۔۔۔ ❤ !!!

ڈاکٹرز۔۔۔کی ٹیم کی مشاورت سے کل انکا۔۔۔۔وینٹیلیٹر اترنا تھا۔۔۔!کہ اگر زندگی موجود کو تو۔۔۔۔وہ۔۔واپس انکے پاس آجائیں !!!آج کی رات تو بھاری ہی تھی مگر۔۔کل کا دن اَمر ہونے والا تھا !!!!

رات کب دن میں بدلی۔۔۔۔! پتہ ہی نہیں لگا۔۔۔ایک جھگڑ۔۔۔۔سے چل رہے تھے۔۔!!اور فاتح حیدر کی جان ہوا ہو رہی۔ تھی۔۔مرِحا سے متعلق عجیب طریقے کے۔۔۔خیالات۔۔۔آرہے تھے۔۔جن کو وہ بیان کرنے سے قاصر تھے۔۔۔اسکو ۔۔۔ہیڈ انجری تھی۔۔اسکو۔۔۔۔بہت سی خراشیں۔۔۔آئی تھیں۔۔۔!!!ڈاکٹرز اندر۔۔۔اسکی واپسی۔۔۔اسکی۔۔زندگی کے لیئے کوشش کررہے تھے!!!اور وہ باہر۔۔۔انتظار میں تھے کہ انہیں جینا ہے یا مرنا۔۔۔۔

یہ وسوسے تو یار۔۔۔۔۔مجھے کھا گئے یونہی۔۔ !!!

ساتھ میں موجود ماما بابا۔۔۔مرحا کے گھر والے۔۔۔سب لوگ فراموش کیے بیٹھے تھے وہ۔۔۔!!!سانسیں رکتی تھیں!!پھر چلتی تھیں۔۔۔ !!!! ڈاکٹر باہر آئے تھے تو مرِحا۔۔۔سے متعلق۔۔۔فاتح سے پوچھا ہی نہیں گیا۔۔

"شی از فائن۔۔سر۔!!"ڈاکٹر نے گویا۔۔۔زندگی کی نوید سنائی تھی۔۔

"لیکن۔۔۔آپ ابھی مل نہیں سکتے"فاتح سر ہلا کر۔۔۔پریئر روم کی جانِب بڑھے !!!!سب کو۔۔۔۔ایک سکون سا۔۔۔۔خود میں اترتا محسوس ہوا۔۔فاتح حیدر میں

۔۔۔ان سب کی جان تھی!!!وہ کبھی بھی کسی چیز کی خواہش نہیں کرتے تھے۔۔!!!
مگر۔۔۔۔اب انکی زندگی میں خوشی۔۔۔مرحا۔۔سب کو۔۔۔معلوم۔تھا۔۔۔فاتح کی محبت تھیں ..!

سب سے مل چکی تھی۔۔مگر۔۔فاتح کہاں تھے!!!!سب سے انکی خیریت بھی ملی۔۔۔۔مگر۔۔۔۔۔
کچھ دیر بعد۔۔۔وہ غنودگی میں۔۔۔چلی گئی۔۔ !!!
کچھ دیر بعد۔۔۔ویل ڈریسڈ سے فاتح۔۔۔ہاسپٹل میں داخل۔ہوئے۔۔۔۔۔
"اس شخص کی ساری شان۔۔۔مرحا سے تھی"!!!!
وہی۔۔۔گارڈز کا جلوس۔۔۔وہی تیزی۔۔۔زندگی واپس لوٹ آئی تھی۔۔۔۔
جیسے ہی۔۔۔وہ روم میں داخل ہوئے تو سب ہی۔۔۔گھر کے لیئے نکل گئے۔۔فاتح نے دیکھا وہ شاید نیند میں تھیں!!ایسے اُنہیں دیکھنا۔۔۔تھا تو بہت کٹھن۔۔۔مگر بہت شکر تھا کہ وہ زندہ تھیں۔۔۔وہ زندہ تھیں تو زندگی تھی۔۔
مرحا کو جابجا۔۔۔۔خود پر ایک دہکتے لمس کا احساس ہوا۔۔۔۔جیسے ہی شعور تک آئی تو ۔۔۔احساس ہوا کہ فاتح انکو۔۔۔کسی قیمتی متاع کی طرح۔۔۔چوم رہے تھے!!!کتنا

سرشار کر دینے والا احساس تھا۔۔کہ ۔۔۔وہ پریشان تھے۔۔۔کسکے لیئے۔۔۔مرِحا کے لیئے!!اسکے خود کے لیئے !!!

"فاتح.."ایک سرگوشی سی لبوں سے نِکلی تھی۔۔۔اور فاتح حیدر کو احساس ہوا۔۔کہ ۔۔۔ہر چیز میں جان آگئی ہے۔۔مرجھائے ہوئے پھول کھل اُٹھے ہیں...یہ دن۔۔۔ جو وسوسوں میں شروع ہوا۔۔۔خوشنصیب۔۔دنوں میں شمار ہو گیا ہے۔۔!!!ہر چیز جو زرد۔۔رنگ میں۔۔مرجھائی ہوئی تھی۔۔وہ۔۔اپنے اصل۔رنگ میں واپس آگئی ہے اور۔۔جینے لگی ہے!!!فاتح کو لگا تھا کہ "سانس"ہر چیز میں واپس آگئی ہے۔۔۔۔

"مرِحا۔۔مرِحا۔۔"! فاتح حیدر نے اُن کی پکار پر۔۔۔انکے چہرے کو دونوں ہاتھوں سے تھاما۔۔ !

"کبھی۔۔کبھی مجھے چھوڑ کر نہیں جائیں گی؟"مرِحا کی آنکھوں میں اپنی آکھیں گاڑے وہ پوچھ رہے تھے۔۔۔نہیں وعدہ مانگ رہے تھے۔۔!!فاتح حیدر کی آنکھوں میں کیا کچھ نہیں تھا۔۔محبت۔۔۔وفا۔۔پریشانی۔۔مگر ان سب پر غالِب۔۔۔مرِحا کو کھو دینے کا خوف۔۔ !!!

"نہیں جاؤں گی۔۔ "! سرگوشی سی۔۔ تھی۔۔۔وہ۔۔جو۔۔۔ان کے لبوں سے آزاد ہوئی۔۔۔تو فاتح کو دنیا جہاں کا۔۔۔سکوں۔۔۔نصیب ہوا۔۔۔ !!!

مرِحا۔۔۔کافی حد تک۔۔۔ٹھیک ہو چکی تھیں۔۔۔اور اب آن انہیں ڈسچارج ہونا تھا ۔۔۔ان۔۔چار پانچ دنوں میں !!! جب وہ ہوش میں تھی۔۔تو۔۔آدھا شہر ہی اس سے ملنے آچکا تھا۔۔!!!ابھی ہی۔۔۔ڈاکٹر نے۔۔۔ڈسچارج سلپ پکڑائی تھی ۔۔۔پھر۔۔۔ماما۔۔(پھپھو)آئی تھیں۔۔۔گھر کے کپڑے۔۔۔لے کر۔۔کہ چینج کر لیا جائے۔۔

گرین کلر کا۔۔پرنٹڈ سوٹ!ٹراؤزر شرٹ۔۔فاتح حیدر۔۔۔ہاسپٹل کے باہر ہی کھڑے تھے۔۔وہ ان تھوڑے دِنوں۔۔میں۔۔بہت کم آئے تھے۔۔۔مرِحا نے بہت محسوس کیا۔۔

ابھی بھی وہ باہر ہی کھڑے تھے۔۔مرِحا کو ایسے دیکھنا۔۔ان کے لیئے عذاب سے کم نہیں تھا۔۔۔

ہاسپٹل سے باہر نکلتی ہوئیں دیکھائی دئیں۔۔۔تمام گارڈز۔۔سمیت فاتح الرٹ ہوئے !!

پیرٹ گرین پرنٹڈ ڈریس میں ماما کے ساتھ آتی ہوئیں مرِحا۔۔۔بہت کمزور۔۔اور زرد لگیں تھیں۔۔۔فاتح کا دل بے طرح اُداس ہوا!!! مگر۔۔یہ یقین بھی تھا۔۔۔ کہ۔۔۔ٹھیک۔۔ہو جائیں گی۔۔۔

مرِحا ماما کے ساتھ ہی۔۔۔دوسری گاڑی میں بیٹھنے لگی۔۔!!! مگر۔۔فاتح نے جیسے ہی اپنی گاڑی کا دروازہ وا کیا۔۔مرِحا نے انہیں دیکھا۔۔۔!صاف آنکھوں میں تحریر تھی ۔۔۔کہ۔۔۔یہاں۔۔بیٹھیں۔۔!مرِحا ماما کو دیکھتی۔۔۔فاتح کی طرف بڑھ گئیں۔۔ انکے سامنے ہی انکے کچھ بولنے سے۔۔پہلے۔۔وہ۔۔گاڑی میں بیٹھ گئیں۔۔۔!!!!

وہ محبت نہیں تعظیم کیا کرتی ہے

نیک نامی سے میری جان چھُڑا دے کوئی

رفتہ رفتہ۔۔دن گزرتے جا رہے تھے۔۔!!!مرِحا۔۔۔کا خیال حد سے بڑھ کر۔۔۔۔ سب رکھ رہے تھے۔۔۔وہ بہت۔۔۔جلد ہی ٹھیک ہو گئی۔۔۔۔۔سب کچھ۔۔۔ نارمل ہو رہا تھا۔۔آہستہ۔۔آہستہ۔۔۔!!!فاتح دو دن سے کہیں کام گئے تھے۔۔!!! انکی جاب کی نوعیت ہی ایسی تھی۔۔۔انکی غیر موجودگی میں ماہم۔۔۔انکے ساتھ ہوتی

تھی۔۔۔!!واقعی۔۔یہاں حد سے بڑھ کر محبت مل رہی تھی۔۔۔!!مرِحا کو تو لگا تھا ۔۔شاید۔۔۔۔یہاں۔۔۔وہ محبت شاید نہ ہو۔۔۔مگر۔۔غلط تھی وہ۔۔!!!سب ہی ٹھیک تھا مگر فاتح آور۔۔پوزیسیو ہو گئے تھے !!!

مرِحا کے چچا کی بڑی بیٹی۔۔فرح کے نکاح کی تقریب ہونا تھی!!!آنے والے ہفتہ میں ۔۔تاریخ تھی!!!اور مرِحا کو یقین تھا فاتح تو انکار کر دیں گے۔۔۔مگر جانا بھی ضروری تھا۔۔!!!ویسے بھی اب وہ ٹھیک تھی۔۔۔تین ہفتہ ہو گئے تھے۔۔بس کبھی کبھار ۔۔سینہ میں درد ہوتا تھا۔۔۔مگر اس کا خیال تھا کہ وہ بھی میڈیسنز کے ساتھ ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔وہ۔اب فاتح کو پریشان نہیں کرنا چاہتی تھیں۔۔!!!سو اس لیئے خاموش رہیں !!!

"مرِحا۔۔۔پریشان سی لگتی ہیں۔۔۔؟"زونائش بھابھی نے پوچھا۔۔۔۔ !

"نہیں۔۔وہ۔۔۔ہاں۔۔میں۔۔فرح کے نکاح کے فنکشن میں جانا چاہتی ہوں!!!"

مرِحا کو اُمید تھی کہ کوئی اچھا مشورہ۔مل جائے گا۔۔!!!سو اسنے بات بتا دی۔۔۔۔۔

"لیں۔۔اس میں کیا مشکل۔۔ہے۔۔اچھا سا تیار۔۔ہوں۔۔فاتح لالا کو لفٹ کروائیں ۔۔۔اور۔۔لالا تو پہلے ہی۔فلیٹ۔ہیں۔۔ " !!!

یہ ماہم۔۔۔ تھیں۔۔۔ گزرتے۔۔ گزرتے۔۔ مشورہ سے نوازنے والی۔۔۔

"ماہم۔۔۔ مشورہ۔ تو اچھا دے گئیں ہیں۔۔!"مرحا نے سوچا تھا۔۔ !!!

"ہاں مرحا۔۔۔ تم سے عقل مند تو۔۔۔ماہم۔ہے۔۔!!"زونائشہ بھابھی ہستی ہوئی کچن۔۔۔میں چلی۔۔۔ گئیں۔۔۔ !!!

مرحا۔۔ تیار ہونے اپنے روم میں آئی۔۔۔!اپنے لیئے ایک۔۔آسمانی رنگ کا۔۔۔۔ پیروں تک آتا لمبا سا فراک نکالا۔۔۔!شاور لیا اور تیار ہوئی!!ایک۔۔لائٹ سا ہیئر سٹائل بنایا۔۔ !

اور فاتح کی گاڑی کا۔۔۔انتظار کرنے لگی!!!اتنے سب دِنوں میں۔۔۔اسکے چہرے کی رنگت۔۔۔کچھ حد تک بحال ہو چکی تھی۔۔۔ !!! فاتح کی گاڑی کا۔۔۔ہارن سنتے ہی وہ۔۔ کھڑکی کی جانِب بڑھی۔۔۔!!!پورچ میں رُکتی گاڑیاں دِکھی۔۔۔کچھ دیر بعد

--

فاتح کمرے میں داخل ہوئے۔۔۔اور اُسی لمحے۔۔مرِحا نے انکی طرف رُخ کیا۔۔۔

فاتح کے لیئے یہ بہت۔۔سپرائزنگ تھا۔۔۔اتنے۔۔وقت کے بعد۔۔۔ویسے ہی

۔۔۔پرانی مرِحا جیسی۔۔۔ہستی۔۔مسکراتی وہ کھڑی تھیں۔۔۔ !!!

فاتح نے آگے بڑھتے۔۔۔۔۔۔بے طرح۔۔انکو گلے لگایا تھا۔۔۔

تو دائمی بہار ہے__________میں عارضی مہک

میری بقا اسی میں ہے تجھ میں فنا رہوں🥀

لبوں سے بے اختیار ہی۔۔۔۔الفاظ پھسلتے گئے۔۔۔وہ۔۔ہر لحاظ سے مینجڈ فاتح۔۔۔ہر

چیز پلان کے مطابق کرنے والے۔۔۔نجانے۔مرِحا کے سامنے کیوں۔۔۔بے اختیار

ہو جاتے تھے۔۔ !

گہرے نیلے رنگ۔۔کی۔شارٹ فراک اور کیپری پہنے۔۔۔ڈوپٹہ کو۔کندھے پر

سیٹ۔کیے۔۔۔!!!مرِحا بہت اچھی لگ رہیں تھیں۔۔!!!لمبے بال۔۔۔کرل کر

کے کھلے چھوڑے ہوئے تھے۔۔!!!پنک نیچرل لپ گلاز لگائے۔۔۔اور۔۔۔ٹِنٹ

لگائے۔۔وہ۔۔۔پوئزن لگائے۔۔فاتح حیدر۔کی خوشبو میں مہکتی۔۔۔آدم کی کسی

بات پر ہستیں بہت خوبصورت لگ رہیں تھیں۔۔ !!

فاتح حیدر۔۔۔لاؤنج کے دروازے پر ہی۔۔۔رُک گئے تھے۔۔!!

مجھ پر لازم ہے میں اسے دیکھو

اسکی مرضی ہے وہ جدھر دیکھے

کِتنی مکمل لگ رہیں تھی وہ!!! کیا مکمل منظر تھا!!! ماہم نے۔۔۔مرحا کی ہستی ہوئی اور فاتح کی انٹرنس سے انکو۔دیکھتے ہوئے کی پکچر کیپچر کی۔ !!!ایک مکمل تصویر۔۔ !!!

____

____

"فاتح!!" ماما نے سب سے پہلے دیکھا تھا۔۔! نظر پڑتے ہی انکو مخاطب کیا۔۔۔

"اسلام و علیکم!۔۔میں۔۔ چینج کر کہ آتا ہوں۔۔۔!" سب کو باآوازِ بلند سلام کر کہ۔وہ۔۔۔اپنے روم کی۔جانِب بڑھے۔۔۔

آج فرح کے نکاح کا فنکشن تھا۔۔! فاتح مان گئے تھے۔۔! ماننا ہی تھا!!! مرحا نے پہلی بات کسی۔۔بات پر ضد کی تھی۔۔

وہ آئے تو۔۔بلیک کلر کے کرتا شلوار میں ملبوس تھے۔۔!! سب۔۔گاڑیوں میں بیٹھ کر روانہ۔ہوئے۔۔ !!!

اس حادثہ کے بعد۔۔گارڈز کی ڈبل تعداد اب۔۔فاتح حیدر کے ہمراہ ہوتی تھی۔۔۔وہ حادثہ۔۔وہ تلخ یاد شاید کبھی بھی۔۔۔فاتح کے ذہن سے نہ نکل پاتی !!!!

لان میں ہی۔۔ سٹیج اور ٹیبلز لگا کر۔۔۔اہتمام کیا گیا تھا۔۔!!!اور۔۔۔انتظام بھی اچھا تھا۔۔مرِحا کی فیملی۔۔۔چچی لوگ۔۔اور فاتح کی فیملی اور فرح کے سسرال والے ہی تھے بس !!! مختصر سے لوگ تھے۔۔۔

فرح بہت خوبصورت لگ رہے تھے۔۔۔مرِحا اپنی۔۔امی کے ساتھ ہاتھ بٹاتی۔۔۔ انکے پیچھے ہی کچن کی طرف آئی۔۔۔اچانک سے اسکو۔۔چکر آنے لگے۔۔۔اور سینے میں دائیں طرف۔۔۔۔بہت ہی درد محسوس ہوا۔۔۔وہ۔۔ٹیبل پر بیٹھی۔۔اور۔۔ پانی کا گلاس پیا۔۔خود کو سنبھالا۔۔۔اور باہر آ گئی !!

"مرِحا۔۔گھبرائی ہوئی سی لگتیں ہو بیٹا۔!"چچی نے اسکو دیکھ کر پوچھا۔۔

"بس۔۔۔زرا سا سر درد ہو رہا ہے۔۔چچی جان۔۔آپ نہ ہوں !"مرِحا نے انکو۔۔۔ جواب دیا۔۔شکر کہ۔وہ بھی کسی کام میں الجھی تھیں ورنہ۔۔۔سب گھر۔۔۔اکٹھا ہو جاتا !!! فنکشن خراب۔۔۔ہو جاتا !!!

فاتح اور مرِحا نے۔۔۔نکاح کے گفٹ کے طور پر۔۔۔فرح کو۔۔گولڈ بریلیٹ دیا تھا ۔۔۔!!! فاتح سٹیج پر۔۔۔مرِحا کے ساتھ رہے۔۔ہاتھ تھامے ہوئے۔۔۔تمام

نظریں۔۔۔اسی کپل۔پر تھیں۔۔۔وہ فاتح کی۔وجہ۔سے۔۔لائم لائٹ میں تھی

۔۔۔ !!!

گھر پہنچنے تک۔۔۔مرحا۔۔کوزبردست۔۔۔بخار ہو چکا تھا۔۔!!! مگر وقت زیادہ ہونے کی وجہ سے۔۔وہ ڈاکٹر کی طرف نا جا سکی۔۔۔!لیکن فاتح نے۔۔۔اسکو صبح تیار رہنے کا بولا تھا۔۔ !!

صبح۔۔۔اسکی درد۔۔۔حد سے سوا ہو چکی۔ تھی۔۔۔مرحا کو سینے کے دائیں طرف۔۔ ایک سخت سی۔۔چیز کا احساس ہوتا تھا۔۔اور پھر جب وہ ہاتھ لینے گئی تو۔۔۔شاید کوئی ۔۔ٹیومر بن گیا تھا۔۔۔!!!نہا کر نکلتے ہی اسنے ماما۔۔کو بتایا۔۔اور۔۔۔پھر وہ فاتح حیدر کے ساتھ ہاسپل روانہ ہوئی۔۔۔تو۔۔

ڈاکٹر نے۔۔شبعہ ظاہر کیا کہ۔۔۔شاید۔۔یہ۔۔کینسر ہے۔۔۔

شاید۔۔اسے بریسٹ کینسر تھا۔۔۔ !!!

(کینسر۔۔جسم میں کسی ایک جگہ پر۔بہت زیادہ سیلز کا بن جانا۔۔۔ہوتا ہے۔۔۔یہ سیلز مل کر۔۔ایک گلٹی سی بناتے ہیں۔۔جسکو ٹیومر کہتے ہیں۔۔!یہ ٹیومر کبھی کبھار۔۔۔برے سیلز بن جاتے ہیں۔۔اور پھر۔۔باقی جسم کو نقصان پہنچاتے ہیں۔۔

!!! بریسٹ کینسر۔۔۔ کینسر کو وہ قسم۔۔ہے۔۔ جس میں یہ ٹیومر۔۔۔ سینہ میں بن جاتاہے !اوراس چیز کو بہت سی خواتین اگنور کرتیں ہیں۔۔ جیسے مرِحا کررہی تھی! خاص کرشادی شدہ خواتین۔۔۔ اگروہ کنسرن بھی ہوں توانکو یہ کہاجاتاہے کہ اپکا بچہ فیڈ نہیں کرتاتو یہ۔۔۔دودھ کی گلٹی ہے !!! نہیں! آپ کواسکا مکمل چیک۔اپ کروانا چاہئیے۔۔اس کے علاوہ چوٹ لگنے سے۔۔۔اور۔۔دباؤپڑنے سے۔۔ جسم کے کسی بھی حصہ میں۔۔۔یہ۔۔ٹیومر بن سکتا ہے !اس لیئے ایسی گلٹیوں کو نظرانداز کرنا بیوقوفی ہے۔)

ڈاکٹر نے کچھ ٹیسٹ کہے تھے۔۔اور کل دوبارہ آنے کوبولا تھا۔۔۔فاتح۔۔۔مرِحا کو لیئے چپ چاپ گھر آئے۔۔وہ پریشان تھے۔۔۔اب تک۔۔۔یہ مرِحا کو تو معلوم نہیں تھا۔۔ مگر ہو۔۔توجاناتھا معلوم !اس وقت صرف دو باتیں وہ ڈوچ رہے تھے۔۔۔

1. کہ۔یہ۔کینسر نہ ہو۔۔

2. اگر یہ ہوا بھی تو وہ علاج۔کروائیں گے۔۔اور مرِحا ٹھیک۔ہو۔جائیں گی !!!

اسکے علاوہ۔اور کچھ وہ۔سوچناہی نہیں چاہتے تھے !

اور۔۔پھر۔۔۔میمو گرافی اور سکیننگ کے بعد۔۔جو نتیجہ سامنے آیا۔۔وہ بہت۔۔۔ خوفناک تھا۔۔۔

مرِحا۔۔کو۔۔۔بریسٹ کینسر تھا!!!اسے شاید۔۔اکسیڈنٹ کے وقت کوئی چوٹ لگی تھی یا کوئی دباؤ۔۔۔!لیکن۔۔درد کو نظر انداز کر کے وہ کِتنی۔۔بڑی غلطی کر چکی۔ تھی!!!کتنی زیادہ بڑی۔۔۔

نہ۔صرف کینسر بلکے اس کو سیکنڈ سٹیج کا کینسر تھا۔۔۔!!سب پریشان تھے وہ۔۔مرِحا ۔۔وہ اس لیئے پریشان تھی کہ پریشانی اس کی وجہ سے آئی تھی۔۔

وقفہ وقفہ سے ہر کوئی اسکو سمجھا رہا تھا کہ یہ قابِل علاج ہے۔۔۔کینسر ہمیشہ قابِل علاج ہے۔۔۔بس شرط یہ ہے کہ ٹینشن نہ لی جائے۔۔۔ایک انسان کو۔۔۔اس قدر۔۔تو با ہمت ہونا چاہیئے کہ۔وہ اس طرح کے حالات سے نبٹ سکے۔۔!!سب پر ایسی کڑی آزمائش نہیں آتی۔۔!مگر اگر آئے تو۔۔۔کچھ حوصلہ۔تو ہونا چاہیئے۔۔۔ !!!

وہ روم۔میں تھی۔۔۔جب فاتح۔۔۔روم میں داخل۔ہوئے۔۔

مرِحا۔۔۔ایسے ہی سر جھکائے بیٹھی رہی۔۔۔ !

"انشااللہ۔۔بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گی آپ۔۔۔مرحا۔۔پریشان نہ ہوں۔۔!"

سب کی طرح۔۔۔تسلی۔۔۔۔!

"فاتح مگر میرے ساتھ ہی کیوں!"پہلی بار کوئی شکوہ۔۔۔لبوں سے نکلا تھا مگر کتنا بے مول!

"سب ٹھیک ہو جائے گا!"فاتح حیدر۔۔۔کے وقت نے کہاں لا کر۔کھڑا کر دیا تھا۔۔

یہ بے بسی تھی۔۔۔خوف تھا۔۔سانس بند کر دینے والا خوف۔۔۔محبت تھی۔۔۔

مرحا کو گلے سے لگائے۔۔کیا کچھ نہیں خوفزدہ کر رہا تھا۔۔۔

"مم۔۔میں مرنا نہیں چاہتی فاتح۔۔!"روتے ہوئے۔۔۔وہ۔الفاظ۔۔۔کیسے ادا ہوئے تھے۔۔سوچ سے۔۔سمجھ سے باہر تھے۔۔۔!

"مرنے نہیں دوں گا۔۔۔"فاتح حیدر نے بہت یقین سے جواب دیا تھا۔۔!کہ۔۔۔

مرحا۔۔ذرا مطمئن ہوئیں تھیں۔۔۔

مگر کیا واقعی۔۔۔یہ انسان کے بس میں ہے۔۔۔؟

پھر کینسر ہاسپٹل میں۔۔فائل بنوائی گئی۔۔۔اثر و۔رسوخ استعمال کیا گیا۔۔۔اور ڈاکٹر نے۔۔۔کیمو تھراپی۔۔تجویز کی۔۔۔۔اب ہر ہفتہ کیمو تھراپی ہونا تھی۔۔۔

زندگی کو بچانے کے لیئے کِتنی محنت ہونا تھی !!!!

آج مرِحا کی پہلی۔کیمو تھراپی تھی۔۔اور امی۔اس سے ملنے آئی تھی۔۔امی بہت ہی کمزور لگی۔۔۔اکلوتی اولاد۔۔۔اور بیمار۔۔۔وہ۔صحت مندرہ بھی کیسے سکتیں تھیں

۔۔۔مرِحا ان۔۔سے بہت۔خوشی سے ملی۔تھی۔۔۔۔۔

اور پھر فاتح۔۔۔کے ساتھ وہ۔یہاں آگئی۔۔۔

انکے ساتھ کھڑے۔۔۔کیمو_وارڈ میں۔۔۔انکے۔۔۔لیئے۔۔۔بیڈ فری ہونے کا انتظار کررہے تھے۔۔!!!وہ۔۔۔چادر میں لپٹی تھیں۔۔۔۔اور۔۔۔۔پھر۔۔۔نرس نے بیڈ۔۔فری ہوتے ہی۔۔۔

انکے نام کی آواز لگائی۔۔۔

اور۔۔۔جاتے ہوئے بس۔۔۔کپکپاتے لہجے میں۔۔۔وہ۔۔۔اِتنا بولیں۔۔

"کینسر۔۔۔مجھے اور میرے رشتوں کو کھا گیا ہے " !!!

بے بسی۔۔۔سی۔۔۔۔بے بسی تھی !!!

اسکی۔کیمو۔تھراپی۔ہوئی۔۔اور اسکو کوئی ہوش ہی نہیں تھا۔۔

اب اسے دو۔۔

تین دن ایسے ہی بے سُدھ رہنا تھا۔۔۔بے ہوشی میں۔۔اسکو یا تو اس مرض کر مارنا تھا

۔۔یا اس مرض نے اسکو مارنا تھا !!!

زندگی۔۔۔تو ہی مختصر۔ہو جا۔۔۔

شبِ غم مختصر نہیں ہوتی۔۔۔

فاتح حیدر سمیت پورا خاندان ان کے ساتھ گھل رہا تھا۔۔۔محبت۔مر رہی تھی۔۔۔!نا قابل برداشت تھا مگر برداشت کرنا تھا۔۔!!!کرنا پڑ رہا تھا۔۔زندگی نے انہیں وہاں لا کر۔مارا تھا جہاں۔۔۔پیاس شدید۔۔۔اور پانی ناپید تھا !!!

آج۔۔۔کیمو تھیراپی۔۔۔کے بعد۔۔۔دو دن کے بعد اسے ہوش آیا تھا...آج۔۔ مرجانے۔۔۔فاتح حیدر کو دیکھا تھا!!!حال سے بے حال!!!محبت۔۔۔محبت تھی ۔۔۔نہیں۔۔۔شاید عشق ہو گئیں تھیں وہ!!!جو ساری دنیا چلانے والا۔۔۔۔ان کے لیئے۔۔۔دنیا روک بیٹھا تھا!!!شاید محبت کو یوں ہی امر ہونا تھا۔۔۔کہ ایک زمانے نے انکی اس داستان کو یاد رکھنا تھا۔۔۔۔

وہ۔۔۔ابھی ہی۔۔۔ماما کی ہیلپ سے چینیج کر کہ روم میں آئی تھیں۔۔۔۔کہ۔۔۔

ماہم۔۔آدم۔۔لوگ۔۔۔سب اسکے روم میں آگئے۔۔۔

"باربی۔۔۔اب ہم سب۔۔۔۔ڈنر کے لیئے باہر جارہے ہیں۔۔۔ جلدی سے ریڈی ہو جائیں۔" !!!!!

"مرحا نے مسکرا کر آدم کی طرف دیکھا۔۔۔

وہ سب اسکو خوش رکھنے کی کتنی کوشش کر رہے تھے۔۔۔تو اسکو بھی انکا ساتھ دینا تھا کہ۔۔خود کو خوش رکھے۔۔۔۔

کچھ ہی دیر بعد۔۔۔انکا پورا قافلہ۔۔۔ایک۔۔نجی ریسٹورانٹ میں گپے لگا رہا تھا۔۔۔ اور سیلفیز بن رہیں تھیں۔۔۔۔اسکے اتنے انکار کے باوجود بھی اتنی تصویریں بنالیں ۔۔۔۔ !!!!

فاتح حیدر۔۔۔۔۔۔۔۔کو ریسٹورانٹ میں اینٹر ہوتا پایا۔۔۔

"اسلام و علیکم۔۔۔ایوری ون" وہ مرحا کے ساتھ چیئر پر بیٹھتے ہوئے بولے۔۔۔

"دیر کر دی۔۔۔ہم کتنی دیر سے ویٹ کر رہے ہیں" بھابھی بولیں۔۔۔پھر سب نے آڈر کیا اور۔۔۔آڈر کے انتظار تک۔۔۔آدم نے مرِحا اور فاتح کی بہت سی پکچرز بنائیں ۔۔۔

بہت سی یادیں۔۔۔۔وہ بنا رہے تھے۔۔۔ !

کھانا کھا کر کچھ دیر بعد وہ سب چلے گئے۔۔۔مرِحا اور فاتح اکیلے رہ گئے۔۔! فاتح نے انکا ہاتھ پکڑا اور اُٹھ کھڑے ہوئے۔۔۔! مرِحا نے سوالیہ نظروں سے انکو دیکھا۔۔

"ہم لانگ ڈرائیو پر جا رہے ہیں!" فاتح نے مسکراتے ہوئے اسکی الجھن دور کی تھی۔۔ رات کے اس پہر۔۔وہ دونوں۔۔۔ڈرائیو کرتے کرتے۔۔۔گھر سے بہت دور نکل آئے تھے۔۔مرِحا نے فاتح کے کندھے سے سر ٹکایا۔۔۔اور یہ پہلی بار تھا۔۔۔فاتح حیدر نے۔۔۔نرمی سے انکے بال سہلانا شروع کیے۔۔۔اعتبار آ رہا تھا۔۔۔مگر کب ۔۔۔جب موت سرہانے کھڑی تھی !!!

مرِحا۔۔۔! فاتح نے آہستہ سے پکارا۔۔۔

"جی" وہ کہتے کہتے الگ ہو رہیں تھی مگر فاتح کے حصار نے انکو روکا۔۔۔

"میں چاہتا ہوں کہ۔۔۔حالات جیسے بھی ہو جائیں۔۔۔آپنے۔۔ہمت رکھنی ہے ۔۔۔ٹھیک ہے؟"

"ٹھیک ہے!" مرحا نے اقرار میں سر ہلایا! فاتح نے جھک کر انکی پیشانی چومی۔۔۔ !

اس کے بعد۔۔۔وہ لوگ گھر آ گئے۔۔۔اور۔۔۔مرحا تھکن کی وجہ سے جلد ہی سو گئی

۔۔۔فاتح۔۔۔ان کہ ساتھ۔۔۔لیٹے مگر۔۔۔رات آنکھوں میں کٹنی ہے۔۔۔۔

آج اسکی۔۔۔تیسری۔۔۔کیمو تھیراپی تھی۔۔۔جسکے بعد۔۔۔اسکے بال۔۔۔۔جھڑنے

تھی۔۔۔کیمو تھیراپی سے واپس آ گئی تھی۔۔۔وہ اس وقت نیم بے ہوشی میں۔۔۔

اپنے کمرے میں پڑی۔۔۔تھیں۔۔۔ساتھ میں ماہم تھی۔۔۔سب اسکے ساتھ گھُل رہے

تھے۔۔۔مرحا کے امی بابا بھی پوری طرح سے ڈھے گئے تھے۔۔۔اس ایک میں اِتنے

لوگوں کی جان بسی تھی۔۔۔فاتح اپنے کسی ضروری کام میں مصروف تھے۔۔۔! اگر

محبت تھی تو فرض بھی تو تھا !

مرحا دن با دن کمزور ہوتی جارہی تھی! مرتی جارہی تھی۔۔

آج اسکو کچھ ہوش تھا تو۔۔۔اسنے فریش ہونا چاہا۔۔۔اور واشروم میں گئی۔۔۔ماما اور

ماہم روم میں تھیں۔۔۔اچانک سے۔۔۔اسکی۔۔۔چیخیں۔۔۔بلند ہوئیں۔۔۔۔ماما اور

ماہم۔۔۔بے ساختہ۔۔۔واشروم کی طرف لپکی۔۔۔مگر ڈور لاک تھا۔۔۔اور مرحا بس

چیخ ہی رہی تھی۔۔۔جب ماما نے دروازہ بجایا تو مرحا ہوش میں آئی۔۔۔

"ماما۔۔۔کچھ نہیں۔۔وہ مم۔۔میرے بال۔۔بس۔۔آپ پریشان نہ ہوں "کانپتی روتی لرزتی۔۔آواز آئی۔۔اور ماما بھی رو پڑیں۔۔۔کہ۔۔کیوں یہ آزمائش فاتح اور مرحا پر آئیں! کچھ دیر بعد وہ۔۔۔واشروم سے۔۔نکلی مگر۔۔۔سر پر حجاب تھا۔۔۔!

"مرحا۔۔۔"ماما نے اسے پکارا۔۔۔

"میں ٹھیک ہوں ماما" سر اُٹھا کر ماما کو دیکھ کر یقین دلایا تھا! کس قدر صبر اور ضبط سے بیٹھی رہی وہ۔۔۔!۔۔۔

ایک صبر کی انتہا تھی کہ وہ مر سکتی تھی!

زندگی۔۔۔کو اپنی آنکھوں کے سامنے ختم ہوتا دیکھ رہی تھی۔۔۔

شبِ غم۔۔۔کی سحر نہیں ہوتی۔۔۔

ہو بھی تو۔۔میرے۔۔گھر نہیں ہوتی۔۔

زندگی۔۔۔تو ہی مختصر ہو جا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

شبِ غم مختصر نہیں ہوتی۔۔۔

فاتح گھر تو نہ مرحا نے متعلق۔۔۔ذکر کیا نہ ہی انہوں نے۔۔۔! ایک ہی خوف تھا کہ ۔۔۔جو دونوں کو گھیرے ہوئے تھا۔۔۔موت کا خوف۔۔!

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

رات گئے مرحا کی آنکھ کھُلی تو فاتح کو کھڑکی کے پاس کھڑا پایا۔۔۔آسمان کو تکتے۔۔۔

مرحا نے نم آنکھیں۔۔۔بند کر لیں۔۔۔

"میں نے مرنا ہے تو اس شخص نے مر جانا ہے"

علاج ہوتا رہا۔۔۔مگر مرحا کی طبعیت سنبھلنے کے بجائے۔۔۔گرتی ہی چلی گئی

۔۔۔!بروقت علاج بھی شروع کرایا مگر پھر بھی۔۔۔ !

آج کل مرحا کی۔۔۔کمر کی ہڈی میں بہت۔۔۔درد رہتا تھا

۔۔۔وہ کسی نہ کسی ملازمہ سے دبوا رہی ہوتی تھی۔۔۔!نجانے کیوں۔۔۔فاتح کے

ساتھ ٹیسٹ کروانے گئی۔۔۔جسکی رپورٹ آج آنی تھی۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ڈاکٹر کے سامنے بیٹھے فاتح۔۔انکے کچھ بولنے کے انتظار میں تھے۔۔۔

"اللہ سے بہت دعا کریں۔۔۔اگر اس دنیا میں بھی۔۔۔کسی بیماری کا علاج نہیں ہوتا تو

پھر بھی۔۔۔اس رب کے یہاں ضرور شفا ہوتی ہے۔۔۔دیکھیں فاتح مرحا کا کینسر انکی

بیک بون میں جا چکا ہے۔۔۔جب کینسر بون میں چلا جائے تب یہ لا علاج ہو جاتا ہے

۔۔۔۔یہ اب لا علاج۔۔۔ہو گیا ہے۔۔میڈیسن کے ساتھ جب تک وہ زندہ ہیں۔۔۔

بس" !

جو دل میں خوف کنڈلی مارے بیٹھا تھا وہی ہوا۔۔۔۔موت۔۔فاتح ضبط سے بات سنتے

رہے۔۔!اور ایک دم سے سر ہاتھوں میں گیرا لیا۔۔۔

"میری بات تحمل سے سنیں۔۔۔وہ زیادہ سے زیادہ۔۔سترہ مئی تک رہیں گی"اور ضبط

نہیں تھا فاتح حیدر۔۔۔اٹھتے باہر نکلتے چلے گئے۔۔۔ !

ڈاکٹرز نے ہر طرح سے جواب دے دیا تھا۔۔نہ ایڈمٹ کرنے پر رضامند ہوئے۔۔

نہ ہفتہ وار سیشن پر۔۔۔۔کہ ایک ایک منٹ۔۔کسی ایسے پیشنٹ پر لگائیں کہ۔۔جسکی

زندگی بچ سکتی ہو۔۔۔جسکی زندگی نہیں ہے اس پہ وقت کیوں لگائیں۔۔۔ !

وقت نے ہے کیا۔۔۔ہم پہ کیسا ستم۔۔۔

تم بھی بے زار ہو۔۔برباد ہیں ہم۔۔۔۔

بہت بے بس۔۔ہو کر وہ گھر۔۔۔آئے۔۔۔تھے۔۔۔اور مرحا کو یہی کہا تھا کہ ابھی

رپورٹ نہیں آئی۔۔۔اس قدر بے بسی تو انہوں نے کبھی محسوس ہی نہیں کی۔۔۔گھر

میں سب کو معلوم تھا۔۔۔مرحا کے پیرنٹس کو بھی معلوم ہو گیا تھا۔۔۔نہیں معلوم تھا تو بس مرحا کو۔۔۔یہ بھی سب کی خام خیالی تھی کہ انکو نہیں معلوم۔۔ !

مجھے جکڑا ہوا تھا۔۔۔زندگی نے۔۔۔

سرہانے موت بیٹھی رو رہی تھی !!!

اور پھر آنے والے دن بہت ہی سخت ہوئے۔۔!کہ۔۔۔مرحا کی یاداشت چلی جاتی۔۔۔کسی کو بھی پہچاننے سے انکار کر دیتی تھیں وہ۔۔۔اور پھر ایک دن وہ فاتح کو بھی پہچان نہیں پائی۔۔۔اور نجانے یہ ضبط کی کون سی حد تھی کہ۔۔۔جو فاتح کو کرنا پڑا۔۔۔دل پھٹنے کے قریب ہو جاتا تھا کہ جب وہ بچوں کی طرح سہم کر۔۔۔بیڈ کراؤن سے ٹیک لگائے لیٹی ہوتیں۔۔۔۔

کچھ دیر بعد وہ۔۔ٹھیک ہو جاتیں۔۔۔ بلکل پہلی والی مرحا بن جاتیں۔۔۔مرحا کے لیئے۔۔۔بہت سا قرآن پاک پڑھنے اور۔۔۔پڑھوانے لگے تھے کافی۔۔۔!اب تو لگتا تھا کہ وہ ساری زندگی سکون سے۔۔۔سو ہی نہ پائے گے۔۔۔۔

کینسر دماغ تک رسائی حاصل کر چکا تھا۔۔اور۔۔۔اب مرحا کو نجانے کتنا برداشت کرنا تھا۔۔۔ !

"مشکلیں ایسی پڑیں کہ آسان ہو گئیں۔۔"

دن گزرتے رہے۔۔۔! گزرتے رہے۔۔! آج کل۔۔ مرحا کی بینائی چلی جاتی۔۔۔! اور پھر ایک دم سے واپس آجاتی۔۔۔! جب۔۔انکو نظر نہ آتا تو۔۔۔سب انکو کہتے کہ لائیٹ چلی گئی ہے۔۔اور ایسے بہلا یا جاتا انکو اور۔۔۔اپنے آنسو چھپائے جاتے۔۔اسکی ٹیم۔۔۔ارحم ارحام آریان آدم فرح زینب۔۔۔سب اسکے ساتھ مر رہے تھے۔۔۔ مرحا جب فاتح کو یاد کرتیں تو ایسے کرتیں کہ۔۔۔! سنمبھالنا مشکل ہو جاتا اور فاتح جہاں بھی ہوتے فوراً گھر آتے۔۔۔

"کچھ دن ہی رہ گئے ہیں ماما۔۔حیدر سے کہیں میرے ساتھ رہیں" مرحا نے فاتح کی غیر موجودگی میں ماما

سے کہا۔۔۔گو کہ وہ جانتی تھیں کہ وہ فاتح کی۔۔سانسوں میں شامل ہیں۔۔۔وقت چلتا گیا کہ اب۔۔۔

مرحا کھانا پینا کم کر چکی تھیں۔۔۔آکسیجن سیلنڈر پر۔۔۔وہ زندہ تھیں۔۔۔! لیٹ کر چھت کو گھورتی رہتیں تھیں۔۔۔بولنا۔۔۔بلکل بند کر دیا تھا۔۔نجانے۔۔۔موت سے پہلے وہ کیا سوچتی ہوں گی !!!

پورا اسلام آباد ہل چکا تھا کہ۔۔۔اسکی ٹیم بھاگتی۔۔پہنچی تھی۔۔!فاتح حیدر جو فیلڈ کے آپریشن کی وجہ سے کراچی تھے سب کچھ۔۔۔ہینڈاوور کرتے۔۔۔اسلام آباد پہنچے تھے ۔۔۔!مگر ہر چیز ہاتھ سے ریت کی طرح پھسلی تھی کہ۔۔۔۔مرحا اپنی آخری سانسیں ۔۔۔لے رہی تھی۔۔۔

"قدرت کے فیصلوں کا بھی لازم تھا احترام۔۔۔ورنہ میں چاہتا تھا میرے ساتھ تو رہے ۔۔"

فاتح حیدر۔۔۔کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اُڑ کر پہنچ جائیں۔۔۔مرحا کی سانس تب ٹوٹی تھی جب فاتح حیدر کا قدم گھر۔۔۔کی دہلیز پر پڑا۔۔۔دہلیز پہ قدم رکھتے ہی۔۔۔اوپر کے پورشن سے رونے کی آواز بلند ہوئیں۔۔۔

یہ کھارا سمندر میرا گواہ ہے۔۔

عشق ہے میرا یا میرہ گناہ ہے۔۔

تجھ کو سزا اور عدالت بنالوں۔۔۔

ہاں۔۔۔شدت بنالوں تجھے۔۔۔

فورا مرحا کی جانب بڑھے تھے۔۔ ہر چیز رک گئی تھی ۔۔۔ ہوا میں سے آکسیجن ختم ہو گئی۔۔ مرحا کا آکسیجن ۔۔ سیلنڈر۔۔ انہوں نے خود آف کیا تھا۔۔ کتنے لمحے۔۔۔ آنکھوں کے سامنے آئے تھے۔۔ مہندی کے فنکشن میں رسم۔۔۔ ولیمہ میں انکو تنگ کرنا۔۔ کالج سے لینا۔۔۔ پک کرنا۔۔۔ دعوتیں۔۔۔ ڈنرز۔۔۔ کریڈٹ کارڑ لیتے پکڑے جانا۔۔۔ لانگ ڈرائیو۔۔۔ مرحا کا خود سینہ پر سر رکھنا

--------------- !

ایک آنسو۔۔۔۔ بڑا بے قرار ہو کر مرحا کے چہرے پر گرا۔۔۔ مگر وہ تو سکون کے جہان میں جا چکی تھیں۔۔۔ !سب سے بڑا درد کیا تھا۔۔۔ کہ اب وہ مرحا کو دیکھ نہیں سکیں گے۔۔۔ ہر چیز بلیک اینڈ وائٹ ہو گئی تھی۔۔۔ سب پس منظر میں جا چکا تھا۔۔۔ آسمان زمین پر گر رہے تھے۔۔ زندگی۔۔ ایک جگہ رک گئی۔۔۔ سامنے پڑا وجود بے جان ہو چکا تھا۔۔۔ یہ لمس اب میسر نہیں ہونا تھا۔۔۔ !

اور پھر وہاں موجود ہر شخص نے فاتح حیدر کے گرتے لا

تعداد آنسو دیکھے تھے۔۔۔ آج کی شام کس قدر بھاری تھی ۔۔۔ !

کتنی دیر۔۔۔ وہ وہاں بیٹھے مرحا کا چہرہ دیکھتے رہے۔۔۔ بنا پلک جھپکے ۔۔۔ !

آنکھیں ہیں نم میری۔۔۔

سانسیں چبھن میری۔۔

زخم ہوا پھر ہرا۔۔۔ !

نجانے کسنے انکو وہاں سے اٹھایا تھا کہ غسل کا انتظام۔۔۔ہو چکا تھا۔۔۔بنا مزاحمت کے
وہ اُٹھتے۔۔۔چلے گئے۔۔۔ !!!
جھیلنا تھا۔۔۔حال سے بے حال شخص۔۔بکھرے بال۔۔سوجی انگارہ آنکھیں۔۔
ویسٹ کوٹ کے بٹن کھلے۔۔۔سرٹ کے اوپری بٹن کھلے تھے۔۔!۔۔۔فاتح حیدر کو
لوگ دیکھ دیکھ کر مر رہے تھے۔۔۔ ! چلتا پھرتا دکھ تھے فاتح۔۔۔!!!کچھ بھی نہیں
ہو سکتا تھا۔۔۔آج اس جملے کی اذیت کو سمجھے تھے وہ۔۔۔کہ وقت پلٹ نہیں سکتا۔۔
!

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

کسی صورت نہیں۔۔۔!!!جو لمحہ ایک مرتبہ جی لیا وہ جی لیا۔۔۔بے شک غم ہو یا خوشی
۔۔۔۔۔نجانے کتنی ہی دیر وہ بیسمنٹ میں بنے آفس میں بیٹھے رہے۔۔۔کتنی بار ہی ماما
بابا۔۔۔مرحا کے والدین۔۔۔اور انکے کزنز اور بیسٹ فرینڈز آتے رہے۔۔۔ مگر وہ
کسی سے نہیں ملے۔۔۔اس نقصان کا کوئی۔۔۔اندازہ نہیں تھا۔
فاتح۔۔۔تب باہر نکلے تھے جب نماز جنازہ کے لیئے مرحا کو لیجایا جا رہا تھا۔آنسو اس قدر
تھے کہ ان سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا۔۔۔امام نے جب نماز جنازہ پڑھانے کی اجازت

مانگی تو ہاتھ کے اشارے سے انہوں نے اجازت دی۔۔۔ پسینے میں شرابور فاتح حیدر کی زندگی کا تمام حوصلہ۔۔۔ضبط۔۔۔ برداشت یہاں آکر ٹوٹا تھا۔۔

اتنا معلوم تھا بچھڑیں گے تو مر جائیں گے

ہم نے اس درجہ تماشے کا نہیں سوچا تھا.

زندگی کا سب سے مشکل کام تھا اس وجود پر مٹی ڈالنا اور اس کو قبر میں تنہا چھوڑ آنا۔

!!!!وہ بھی آج وہ کر آئے تھے۔۔۔ !!!

مشکلیں ایسی پڑیں۔۔۔ کہ۔۔۔آسان ہو گئیں۔۔۔!

****

❤ختم شدہ❤

ہماری ویب میں شایع ہونے والے ناولز کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہیں۔

ہمیں اپنی ویب نیوایرا میگزین(New Era Magazine)کیلیئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کروانا چاہیں تواردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

انشااللہ آپ کی تحریر ایک ہفتے کے اندر اندر ویب پر پوسٹ کر دی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلیئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیوایرا میگزین

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews